efu GENERAL

ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) بروز جمعرات ۹ جولائی ۲۰۲۶ء کو صبح ۱۱:۰۰ بجے آئی سی اے پی آڈیٹوریم، آئی سی اے پی آفس، معاوی ایریا، G10، کشمیر ہائی وے۔ سروس روڈ ساؤتھ G-10/4 G-10، اسلام آباد میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

الف۔ عمومی کارروائی

۱۔ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی شقوں کے مطابق ۱۰ جولائی ۲۰۲۶ء سے شروع ہونے والی ۳ سالہ مدت کیلئے بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ تعداد کے مطابق سات (۷) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز یہ ہیں۔ میسرز سیف الدین این۔ زومکاوالا، حسن علی عبداللہ، طاہر جی۔ ساچک، اسد ناصر، سعد بھیم جی، تنویر سلطان مولیدینہ اور یاسمین حیدر۔

ای او جی ایم میں منعقد کیے جانے والے ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۳)۱۶۶ سے متعلق ایک اسٹیٹمنٹ ای او جی ایم کے اس نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔

حسب الحکم بورڈ

امین پنجانی
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۲۴ اپریل ۲۰۲۶ء

نوٹس:

۱۔ کوئی بھی شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر، اسے غیر معمولی اجلاس عام یعنی ۲۵ جون ۲۰۲۶ء کی تاریخ سے کم از کم ۱۴ دن قبل درج ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کرانی ہوں گی:

i اُن کا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر درج کیا جائے۔ ڈائریکٹر کی اہلیت کے لئے ضروری ہے کہ وہ رضامندی جمع کرانے کے وقت کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل ۹۴ کے مطابق کم از کم ۵،۰۰۰ روپے مالیتی شیئرز کا حامل ہو۔

ii کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ (۳)۱۵۹ کے ضوابط کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس؛

iii کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ (۱)۱۶۷ اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ کے تحت بحیثیت ڈائریکٹر فرائض انجام دینے کی رضامندی (فارم ۹ کا ضمیمہ) بشمول کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس برائے انشوررز ۲۰۱۶ء کی شق iv کے تحت درکار ڈیکلریشن۔ کمپنیز ریگولیشنز، ۲۰۲۴ کے تحت فارم ۹ کا ضمیمہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے؛

iv ایک مفصل پروفائل بشمول ان کے دفتر کا پتہ جو ایس آر او ۱۱۹۶(۱)/۲۰۱۹ مورخہ ۳ اکتوبر ۲۰۱۹ء کے تحت کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کرنا ضروری ہے؛

v سی این آئی سی یا پاسپورٹ (غیر ملکی ہونے کی صورت میں) کی ایک مصدقہ نقل؛

vi ایک ڈیکلریشن کہ وہ کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷؛ سیکیورٹیز ایکٹ، ۲۰۱۵، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز ۲۰۱۹، کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس برائے انشوررز ۲۰۱۶، پی ایس ایکس ریگولیشنز، میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن آف دی کمپنی اور کسی بھی مروجہ قوانین/ضوابط/ریگولیشنز/کوڈز وغیرہ کے تحت ایک ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کا/کی اہل ہیں۔ کوئی بھی دیگر دستاویزات/معلومات جسے وہ فراہم کرنا ضروری سمجھیں؛

vii ضمیمہ 'A' پر معلومات اور ضمیمہ 'B' پر حلف نامہ جو ایس ای سی پی کی جانب سے بالترتیب ایس آر او ۱۰۱۵(۱)/۲۰۲۲ مورخہ ۵ جولائی ۲۰۲۲ اور ایس آر او ۱۵(۱)/۲۰۱۲ مورخہ ۹ جنوری ۲۰۱۲ء کو جاری کردہ انشورنس کمپنیز (ساؤنڈ اینڈ پروڈینٹ مینجمنٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۲ کے تحت درکار ہے اور ضمیمہ A اور B ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، بمقام کامران سینٹر، پہلی منزل، ۸۵۔ ایسٹ، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے؛

viii ایس آر او ۹۳۳(۱)/۲۰۲۰ مورخہ ۳۰ ستمبر ۲۰۲۰ء کے تحت جاری کردہ ہدایات کے مطابق درکار ضمیمہ 'A' پر انڈرٹیکنگ۔ ایس آر او ۹۳۳(۱)/۲۰۲۰ اور انڈرٹیکنگ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے؛

ix انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کا انتخاب ایکٹ کی دفعہ ۱۵۹ کی شرائط کے مطابق انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا اور وہ ایکٹ کی دفعہ ۱۶۶ اور کمپنیز (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ میں درج اہلیت کے مطابق معیار کے حامل ہوں گے اور اس کے مطابق انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات بھی جمع کرانے ہوں گے؛

- لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشن ۲۰۱۹ کی شق (۳)۶ کے تحت انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) کی جانب سے ڈیکلریشن؛
- نان۔ جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر انڈرٹیکنگ کہ وہ کمپنیز (انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ کے ریگولیشن (۱)۴ کی شرائط پر پورا اُترتے/اُترتی ہیں بشمول اس کے ساتھ تائیدی دستاویزات بھی جمع کرانے ہوں گے۔

اعلان اور حلف نامہ کے فارمیٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

اے۔ اگر اپنے آپ کو انتخاب کیلئے پیش کرنے والے ممبران کی تعداد منتخب کیے جانے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہ ہو تو ایسے ممبران بغیر کسی ووٹنگ کے بلا مقابلہ منتخب تصور کیے جائیں گے۔

بی۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب کی صورت میں، اگر ضرورت پیش آئے، تو پوسٹل بیلٹ/الیکٹرانک ووٹنگ کا شیڈول اور طریقہ کار، بشمول پوسٹل بیلٹ فارم، ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے اجلاس سے کم از کم سات (۷) دن قبل اخبارات میں شائع کیا جائے گا اور کمپنی کی ویب سائٹ www.efuinsurance.com پر بھی دستیاب ہوگا۔

سی۔ انتخاب میں حصہ لینے والے امیدوار ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ (۴)۱۵۹ کے مطابق غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) کی تاریخ سے کم از کم سات (۷) دن قبل اخبارات میں شائع کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ کو بھی مطلوبہ معلومات کے ساتھ اَپ ڈیٹ کیا جائے گا۔

۲۔ براہِ کرم نوٹ فرمائیں کہ انشورنس کمپنیز (ساؤنڈ اینڈ پروڈنٹ مینجمنٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۲ کے ریگولیشن (۲)۲ کے مطابق مجوزہ ڈائریکٹرز اُس وقت تک اپنے عہدے کا چارج سنبھال نہیں سکتے جب تک اُن کی تقرری کی منظوری سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے نہ دی جائے۔ مجوزہ ڈائریکٹر کی اہلیت اور موزونیت کا جائزہ لینے کے لئے ایس ای سی پی مزید دستاویزات بھی طلب کر سکتا ہے۔

۳۔ نوٹس کی ترسیل

ایس آر او ۴۵۲(۱)/۲۰۲۵ مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۵ء کے مطابق غیر معمولی اجلاسِ عام (ای او جی ایم) کا نوٹس اراکین کو اُن کے رجسٹرڈ ای میل پتوں پر ارسال کیا جائے گا۔ مزید برآں، یہی نوٹس بُک پوسٹ کے ذریعے بھی بھیجا جائے گا اور کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگا۔

۴۔ غیر معمولی اجلاس عام میں الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے شرکت

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے سرکلر نمبر ۴ بابت ۲۰۲۱ کے تحت جاری کردہ وضاحت کی روشنی میں اجلاس عام میں الیکٹرونک طریقہ کار کے تحت ممبران کی شرکت کو ایک باقاعدہ شکل دینے کے طور پر یقینی بنانے کے لیے کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کو وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کی سہولت بھی فراہم کرے گی، ممبران کی اجلاس میں آن لائن شرکت کی حوصلہ افزائی کے لیے درج ذیل رہنما ہدایات پر عمل کرنا لازم ہوگا۔

ایسے ممبران جو غیر معمولی اجلاس عام میں بذریعہ وڈیو لنک شرکت کے خواہشمند ہوں ان سے درخواست ہے کہ کمپنی سیکریٹری کو درج ذیل معلومات ای میل ایڈریس amin.punjani@efuinsurance.com پر ای او جی ایم کے مقررہ وقت سے کم از کم ۲۴ گھنٹے قبل یعنی ۸ جولائی ۲۰۲۶ء، صبح ۱۱:۰۰ بجے تک لازمی طور پر ارسال کر دیں۔

فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	نام	سی این آئی سی نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

شیئر ہولڈرز کی جانب سے مذکورہ بالا معلومات کی وصولی پر کمپنی ان کو لاگ ان کی تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر ارسال کر دے گی جس کے ذریعے وہ بروز جمعرات ۹ جولائی ۲۰۲۶ء کو صبح ۱۱:۰۰ بجے بذریعہ وڈیو کانفرنس مذکورہ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کر سکیں گے۔

۵۔ ہر وہ ممبر جسے اجلاس عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے وہ اپنی جگہ شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا فارم اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازماً جمع کرا دیا جائے۔

۶۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ درج ذیل ہدایات پر عمل کریں:

اے۔ اجلاس میں شرکت کے لئے:

i افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، انہیں اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت ثابت کرنے کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا؛

ii کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ کے نمونہ دستخط اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوں گے (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے)۔

بی۔ پراکسیز کے تقرر کے لئے:

i افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا ضمنی اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، انہیں پراکسی فارم درج بالا شرائط کے مطابق جمع کرنا ہوگا؛

ii پراکسی فارم پر ۲ افراد کی گواہی شامل ہو، جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبرز فارم پر درج ہونے چاہئیں؛

iii بینی فیشل اونرز اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں؛

iv پراکسی کو اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا؛

v کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کروانے ہوں گے (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کئے گئے)۔

۷۔ ممبران سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو مطلع کریں۔ وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے شیئرز سی ڈی سی کے ذریعے رکھتے ہیں، اُن سے درخواست ہے کہ اپنے پتے کی تازہ معلومات اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس کے پاس بھی اَپ ڈیٹ کروائیں۔

i اشخاص کے لیے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی درست اور واضح فوٹو کاپی، اور اشخاص و کارپوریٹ اداروں دونوں کے لیے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) کی کاپی۔

۸۔ کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں مورخہ ۲ جولائی ۲۰۲۶ سے ۹ جولائی ۲۰۲۶ تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ وہ ٹرانسفرز جو ہمارے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰ کو کاروباری اوقات کے اختتام تک یکم جولائی ۲۰۲۶ تک موصول ہوں گی، انہیں اجلاس میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے لئے بروقت تصور کیا جائے گا۔

۹۔ فزیکل شیئر ہولڈرز کی رجسٹریشن تفصیلات

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۱۹ اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز ۲۰۱۸ کے ضابطہ ۱۹ کے تحت تمام فزیکل شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو درج ذیل پتہ پر اپنی تمام تر ضروری معلومات مثلاً سی این آئی سی نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، رابطہ موبائل، ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) وغیرہ فوری طور پر فراہم کر دیں تاکہ کسی بھی قانونی رُوگردانی یا مستقبل میں کسی زحمت سے محفوظ رہیں۔

سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔ بی، بلاک۔ بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی۔ ۷۴۴۰۰، فون ٹال فری 0800-23275،
ای میل: info@cdcsrsl.com ، ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

۱۰۔ ای ووٹنگ کے لئے طریقہ کار

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ (''دی ریگولیشنز'') کے تحت الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت کے ذریعے ووٹ اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ ہر ایک لسٹنگ کمپنی کے ممبران کو فراہم کی جائے گی جس کے لئے کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ (''دی ایکٹ'') کے تحت خصوصی کارروائی کے طور پر تمام امور کی درجہ بندی کر دی جائے گی اور ڈائریکٹرز کا انتخاب ریگولیشنز میں درج شرائط کے تحت مروجہ طریقہ کار پر ہوگا۔

اے۔ ای ووٹنگ کے لئے تفصیل کمپنی کے ان تمام ممبران کو بذریعہ ای میل فراہم کر دی جائے گی جن کے کارآمد سی این آئی سی نمبر، موبائل فون نمبر اور ای میل ایڈریسز یکم جولائی ۲۰۲۶ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔

بی۔ ویب ایڈریس، لاگ اِن کی تفصیل اور پاس ورڈ سے ممبران کو بذریعہ ای میل آگاہ کر دیا جائے گا۔ سیکیورٹی کوڈز کے بارے میں ممبران کو سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (بحیثیت ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ) کے ویب پورٹل سے بذریعہ ایس ایم ایس آگاہ کیا جائے گا۔

سی۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہشمند ممبران کی شناخت بذریعہ الیکٹرونک دستخط یا لاگ اِن کے شناخت کے تحت کی جائے گی۔

ڈی۔ ووٹنگ لائنز کا آغاز ۳ جولائی ۲۰۲۶ء کو کیا جائے گا اور یہ ۸ جولائی ۲۰۲۶ء تک جاری رہے گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنے ووٹ دے سکتے ہیں۔ کسی ممبر کی جانب سے ایک بار قرارداد پر ووٹ دینے کے بعد اسے اس میں تبدیلی کی اجازت نہ ہوگی۔

۱۱۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کے لئے طریقہ کار

ضوابط کے مطابق الیکٹرونک ووٹنگ کی سہولت اور بذریعہ ڈاک ووٹنگ کے ذریعے ووٹ کا حق تمام کاروباروں کے لئے ہر ایک لسٹڈ کمپنی کے ممبران کو فراہم کیا جائے گا جیسا کہ ریگولیشنز میں شامل شرائط سے مشروط اور طریقہ کار کے مطابق ایکٹ کے تحت خصوصی کارروائی کے طور پر درجہ بندی کی گئی ہے۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے اگر ان افراد کی تعداد جنہوں نے خود کو انتخاب کے لئے پیش کیا ہے کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن (۱)۱۵۹ کے تحت مقررہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زائد ہوئی تو بعد ازاں پوسٹل بیلٹ ارسال کر دیا جائے گا۔

۱۲۔ ایس آر او ۴۵۱(۱)/۲۰۲۵ کے مطابق ای او جی ایم میں ممبران کے ووٹنگ حقوق

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے مورخہ ۱۳ مارچ ۲۰۲۵ء کو جاری کردہ ایس آر او ۴۵۱(۱)/۲۰۲۵ کے مطابق وہ ممبران/شیئر ہولڈرز جنہوں نے ای او جی ایم کی تاریخ سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کاسٹ نہیں کیا اور اجلاس میں بذات خود شرکت کرتے ہیں، انہیں ای او جی ایم میں بیلٹ پیپر کے ذریعے ذاتی طور پر اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کی اجازت ہوگی۔

متعلقہ قوانین اور کمپنی کی پراکسی سے متعلق شرائط وضوابط کے مطابق ممبران کی جانب سے باقاعدہ مقرر کردہ پراکسی ہولڈرز کو بھی غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) میں بیلٹ پیپر کے ذریعے اُس رکن کی جانب سے ووٹ کاسٹ کرنے کی اجازت ہوگی جس کی وہ نمائندگی کر رہے ہوں، بشرطیکہ متعلقہ ممبر اجلاس سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا حقِ رائے دہی استعمال نہ کر چکا ہو۔ ایسے پراکسی ہولڈرز کے لئے لازم ہوگا کہ وہ ای او جی ایم میں شرکت کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) اور پراکسی کا موثر و معتبر دستاویز پراکسی انسٹرومنٹ پیش کریں، جو کمپنی کی پراکسی ہدایات کے مطابق (اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل جمع کرایا گیا ہو)۔

۱۳۔ تحائف کی تقسیم پر پابندی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے ایس آر او ۴۵۲(۱)/۲۰۲۵ کے ذریعے کمپنیوں کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ عام اجلاسوں کے موقع پر یا ان کے سلسلے میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل یا طریقے سے تحائف یا مراعات فراہم نہ کریں، خواہ وہ تحائف، ٹوکنز، کوپن، ظہرانہ، ٹیک اوے پیکجز یا کسی اور نوعیت کی سہولت کی صورت میں ہوں۔

۱۴۔ ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت

اگر کمپنی کے کل اداشدہ سرمائے کے ۱۰ فیصد یا کمیشن کی جانب سے مقرر کردہ کسی دیگر تناسب کے حامل ممبران کسی دوسرے شہر میں مقیم ہوں، تو کمپنی ایسے ممبران کو کمپنی کے اجلاس عام میں شرکت کیلئے ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت فراہم کرے گی، بشرطیکہ ایسے ممبران اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (۷) دن قبل تحریری طور پر کمپنی کو اس سہولت کی فراہمی کی درخواست کریں۔ کمپنی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم ۵ دن قبل ممبران کو ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے مقام سے آگاہ کرے گی اور اس سہولت تک رسائی کے لئے درکار مکمل معلومات بھی فراہم کرے گی تاکہ وہ بآسانی اس سہولت سے استفادہ حاصل کر سکیں۔

ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے ذریعے شرکت کے لئے رضامندی

میں/ہم، بحیثیت ای ایف یو جنرل انشورنس لمیٹڈ کے ممبر حامل عمومی شیئرز (شیئر) بمطابق رجسٹر فولیو نمبر _____ کے مطابق کے حامل ہیں، بذریعہ ہٰذا ۹ جولائی ۲۰۲۶ء کو منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام یا اس کے کسی موخر شدہ اجلاس میں ویڈیو کانفرنسنگ سہولت کے ذریعے _____ (براہِ کرم شہر کا نام درج کریں) شرکت کرنے کا انتخاب کرتے ہیں۔

ممبر کے دستخط

۱۵۔ اسکرٹوٹائزر

ریگولیشنز کی شق ۱۱ کے مطابق میسرز پی کے ایف فرینٹس، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جو کہ QCR ریٹڈ فرم ہے، کو کمپنی کا اسکرٹوٹائزر مقرر کیا گیا ہے۔ اگر ڈائریکٹر منتخب ہونے کیلئے اپنے آپ کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ (۱)۱۵۹ کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، تو مذکورہ فرم انتخابی عمل کی نگرانی اور جانچ پڑتال کی ذمہ دار ہوگی۔ مزید برآں، وہ ریگولیشنز کے ریگولیشن 11A میں متعین دیگر ذمہ داریاں بھی سرانجام دے گی۔

کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعہ (۳)۱۶۶ کے تحت اہم حقائق کا بیان

یہ اسٹیٹمنٹ غیر معمولی اجلاس عام میں منعقد کیے جانے والے ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق اہم حقائق اور معلومات فراہم کرنے کے لئے مرتب کیا گیا ہے۔

بطور ایک لسٹڈ کمپنی، کمپنی پر لازم ہے کہ وہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ کے تقاضوں کے مطابق اپنے بورڈ میں آزاد ڈائریکٹرز کی مناسب نمائندگی یقینی بنائے۔ کمپنی اس امر کو یقینی بنائے گی کہ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کی دفعات ۱۵۹ اور (۲)۱۶۶ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور تقرری کا طریقہ کار) ریگولیشنز، ۲۰۱۸ اور دیگر متعلقہ قانونی تقاضوں کے مطابق ہو۔ مزید یہ کہ منتخب ہونے والے آزاد ڈائریکٹرز کے نام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کی جانب سے برقرار رکھے گئے آزاد ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں شامل ہوں۔

آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کو حتمی شکل دیتے وقت امیدواروں کی بنیادی صلاحیتوں، تنوع (Diversity)، مہارتوں، علمی قابلیت اور عملی تجربے کو بھی مدنظر رکھا جائے گا۔

کمپنی کے ڈائریکٹرز کا مذکورہ معاملے میں، کمپنی کے شیئر ہولڈرز ہونے کے علاوہ، کوئی براہِ راست یا بالواسطہ مفاد وابستہ نہیں ہے، تاہم وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں بطور امیدوار حصہ لینے کے اہل ہیں۔